# 24-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بہت جلد ریاست میں پنچایت انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے امکانات ہیں۔انہوں نے بہترین سرپنچوں کا انتخاب کرنے کی اپیل کی ہے۔

۲۔ تلنگانہ میں گاوٗراوِیلی سمیت دیگر اریگیشن پراجکٹ کیلئے فوری ماحولیاتی منظوری دی جائے۔مرکزی محکمہ جنگلات و ماحولیات کے سکریٹری تن مئے کمار سے آج دہلی میں ریاستی وزیر پونم پربھا کر کی ملاقات۔

۳۔ ہاسپٹل آنے والے افراد کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے عملہ کو مرکزی وزیر بنڈی سنجے کا مشورہ

۴۔ نامور فلمساز پدم بھوشن ایوارڈ یافتہ دھرمیندر کا آج صبح ممبئی میں واقع اپنی قیام گاہ میں انتقال۔

CJI

ہندوستان کے 53 ویں چیف جسٹس کے طور پر جسٹس سوریہ کانت نے آج اپنے عہدہ کا حلف لیا۔صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے آج صبح راشٹرپتی بھون میں انہیں حلف دلایا۔کل وظیفہ پر سبکدوش ہونے والے جسٹس بی آر گوائی کی جگہ جسٹس سوریہ کانت نے یہ ذمہ داری سنبھالی۔تقریب حلف برداری میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، مرکزی وزرأ امیت شاہ، راج ناتھ سنگھ، جے پی نڈا کے علاوہ تلنگانہ کے چیف منسٹر اور دیگر معزز شخصیات شریک تھیں۔

Labour Law

مرکزی حکومت کی جانب سے 44 لیبر قوانین کی منسوخی، 29 لیبر قوانین کو 4 لیبر کوڈ میں تبدیل کرنے پر راجنا سرسلہ ضلع کے اے آئی ٹی یو سی جنرل سکریٹری کے راملو نے مسرت کا اظہار کیا۔انہوں نے آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ مرد اور خواتین کے فرق کے بغیر یہ فیصلہ کیا گیا۔

Sound Byte.

Dharmendra

نامور فلم اداکار و پدم بھوشن ایوارڈ یافتہ دھرمیندر کا آج صبح ممبئی میں واقع ان کی قیام گاہ میں انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر 89 برس تھی اور وہ صحت کے مسائل سے دوچار تھے۔ اس مہینہ کے اوائل میں انہیں بریچ کینڈی ہاسپٹل میں شریک کیا گیا تھا۔ فلم ساز کرن جوہر نے انسٹاگرام پر فلم اداکار کے انتقال کی تصدیق کرتے ہوئے ایک جذباتی پوسٹ کیا جس میں انہوں نے کہا کہ ایک عہد کا خاتمہ ہوگیا۔ واضح رہے کہ بالی ووڈ کے ہی مین کے طور پر مشہور دھرمیندر نے اداکاری کے جوہر دکھاتے ہوئے کئی ایوارڈس حاصل کئے۔ فلم انڈسٹری کیلئے ان کی جانب سے انجام دی گئی خدمات کے پیش نظر مرکزی حکومت نے سال 2012ء میں انہیں پدما بھوشن سے نوازا۔ دھرمیندر نے اپنی فلمی کیریئر کا آغاز 1960ء سے کیا اور سوپر اسٹار کے مقام پر پہنچے۔ انہوں نے 300 سے زائد فلموں میں کام کیا۔

Dharmendra tribute

وزیراعظم نریندر مودی نے مشہور و معروف فلم اداکار پدم بھوشن ایوارڈ یافتہ دھرمیندر کے انتقال پر اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ انہوں نے اپنے سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ دھرمیندر کے انتقال سے ہندوستانی سنیما کے ایک عہد کا خاتمہ ہوا۔ اسی طرح مرکزی وزراٗ امیت شاہ، راج ناتھ سنگھ، اشونی ویشنو نے بھی فلم اداکار کے انتقال پر گہرے رنج کا اظہار کیا۔ امیت شاہ نے اپنے پوسٹ میں کہا کہ دھرمیندر لاجواب اداکاری کے ذریعہ 6 دہائیوں تک ہر شہری کے دل میں چھائے رہے۔ ان کا انتقال ہندوستانی فلمی صنعت کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے تلنگانہ بھون میں پارٹی کے گریٹر حیدرآباد کے قائدین کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں جی ایچ ایم سی کے تحت آنے والے ارکانِ اسمبلی، ارکانِ

قانون ساز کونسل، کارپوریٹرس اور دیگر قائدین نے شرکت کی۔اس اجلاس میں کل منعقد ہونے والے میونسپل کونسل کے اجلاس میں اختیار کی جانے والی حکمتِ عملی اور جی ایچ ایم سی کے انتخابات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر کے ٹی آر نے کہا کہ پارٹی کے ساتھ رہنے والے ہر کارپوریٹر کو مستقبل میں مزید عہدے حاصل ہوں گے۔ کے ٹی آر نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آنے والے انتخابات میں ان کارپوریٹرس کی کامیابی یقینی ہے۔

Aadhar

ریاست کے 33 اضلاع کے تمام منڈلوں میں آنے والے مہینہ کی ایک تاریخ سے آدھار خدمات دستیاب رہے گی۔اس سلسلہ میں می سیوا الکٹرانک سرویس ڈیلیوری کے زیر اہتمام آدھار مراکز کے انتظامات کیلئے نئے آدھار کٹس روانہ کئے گئے ہیں۔اس وقت ریاست بھر میں 551 آدھار منتظمین خدمات دستیاب ہیں۔ نئے مراکز کو شامل کرنے پر منڈلوں میں 768 مقامات پر یہ خدمات دستیاب رہے گی۔ چار ماہ قبل ہی منتظمین سے می سیوا کے عہدیداروں نے فی کس دیڑھ لاکھ روپے سیکورٹی ڈپازٹ حاصل کیا۔اس کے ذریعہ انہیں نئے لیاپ ٹاپس، آئیریش اسکانر، بائیومیٹرک آلات کے ساتھ ویب کیمرہ، پرنٹر اور دیگر سامان حوالہ کیا گیا۔

Future City

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کل بھارت فیوچر سٹی میں اگلے ماہ آٹھ اور نو تاریخ کو منعقد ہونے والے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ اس اجلاس میں ملک اور بیرون ممالک کی شخصیات شرکت کریں گی۔ چیف منسٹر نے بین الاقوامی معیار کے مطابق انتظامات کی ہدایت دی۔ انہوں نے سمٹ کے انتظامات کا شخصی طور پر جائزہ لیا اور عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس طلب کرتے ہوئے انہیں تجاویز اور مشورے دئے۔ ساتھ ہی چیف منسٹر نے اجلاس کے لئے سخت ترین سیکورٹی انتظامات کی بھی ہدایت دی۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ بھگوان ستیہ سائی بابا کی جانب سے اختیار کردہ پالیسی اوران کی خدمات دنیا بھر کیلئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عصری ہاسپٹلس کے ذریعہ ایک روپیہ کی توقع کے بغیر لاکھوں افراد کو مفت آپریشن کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ اسی طرح ہزاروں طلبہ کو مفت تعلیم فراہم کی جارہی ہے۔ مرکزی وزیر نے حیدرآباد کے عنبرپیٹ شیوم روڈ پر واقع شیوم مندر میں منعقدہ ستیہ سائی کی صدسالہ یوم پیدائش تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آندھراپردیش، تلنگانہ، اوڈیشہ، کرناٹک اور دیگر ریاستوں میں اس عظیم شخصیت نے پینے کے پانی کے مسئلہ کو حل کرتے ہوئے ہزاروں دیہاتوں میں رہنے والوں کی پیاس بجھائی۔

Bandi

مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے سرکاری ہاسپٹلس سے متعلق عوام کے اعتماد کی محرومی پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے ضلع کریم نگر جمی کنٹہ، حضورآباد گورنمنٹ ہاسپٹل کا ضلع کلکٹر پامیلاست پتی کے ساتھ دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ضلع کلکٹر کے ساتھ بعض طبی خدمات کا آغاز کیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر نے ڈاکٹرس اور عملہ کو مشورہ دیا کہ ہاسپٹل آنے والے غریب اور متوسط طبقہ کا بہتر سے بہتر علاج کیا جائے۔

Sound Byte.

Halt Policy

حکومت نے حیدرآباد انڈسٹرئیل لینڈ ٹرانس فارمیشن یعنی ہالٹ پالیسی کو نافذ العمل کیا ہے تاکہ حیدرآباد کے صنعتی علاقوں میں اراضیات کو کثیر استعمال ہونے والے زونس میں تبدیل کیا جاسکے۔ حکومت کے مطابق گریٹر حیدرآباد میں مزید عصری اور جامع ترقی کے مقصد سے نئی صنعتی اراضیات کے استعمال سے متعلق پالیسی متعارف کروائی گئی ہے۔ اس سے متعلق تجویز کو حال ہی میں مرکزی کابینہ نے منظوری دی تھی۔ تازہ طور پر اس سلسلہ میں جی او جاری کردیا گیا ہے۔

Training

ڈائرکٹر جنرل پولیس شیودھر ریڈی اور ایڈیشنل ڈی جی پی چاروسنہا نے انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے مائی چوائس فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر سیف ولیج پروگرام کا آغاز کیا۔ بعدازاں خواتین اور بچوں میں سیکورٹی سے متعلق عوام میں شعور بیداری کیلئے سیف ولیج کا مک بک کی رسم اجراانجام دی گئی۔اس موقع پر ڈی جی پی نے کہا کہ جنسی ہراسانی، گھریلوتشدد، چھیڑچھاڑ، سائبر دھوکہ دہی سے خواتین اور بچے متاثر ہورہے ہیں۔ بنیادی سطح سے اسے روکنے کے لئے سیف ولیج پروگرام شروع کیا گیا ہے۔

Adilabad

انسانی حقوق کمیشن نے ضلع عادل آباد گڑی ہتنور پرائمری ہیلتھ سنٹر میں سیلنگ فیان گرنے کے نتیجہ میں ایک لڑکے کے زخمی ہونے کے معاملہ کوازخودقبول کیا ہے۔کمیشن نے کہا کہ اس واقعہ سے سرکاری محکمہ صحت کے انتظامات میں شدید لاپرواہی اور مریضوں کے تحفظ کیلئے ریاستی حکومت کی لاپرواہی نظر آتی ہے۔کمیشن نے بچہ کے سر پر شدید چوٹ آنے اوراس واقعہ سے خاندان کو جوذہنی تکلیف پہنچی ہے اسے نظر میں رکھتے ہوئے بچہ کی ماں پائل جادھوکو پچاس ہزارروپے ادا کرنے کی ہدایت دی اوراس واقعہ پر اندرون دوماہ رپورٹ پیش کرنے کی ریاستی چیف سکریٹری کوہدایت دی گئی۔

Punam

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے تلنگانہ کے گاؤراوِیلی سمیت دیگر اریگیشن پراجکٹ کیلئے فوری ماحولیاتی منظوری کی مرکزی محکمہ جنگلات و ماحولیات کے سکریٹری تن مئے کمار سے خواہش کی ہے۔ سکریٹری کوآرڈنیشن ڈاکٹر گوروؤاوپل کے ساتھ پونم پربھاکر نے دہلی میں تن مئے کمار سے ملاقات کی۔انہوں نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے آبپاشی پراجکٹ سے متعلق کئے جانے والے اقدامات اوراس سے متعلق اجازت پرتبادلہ خیال کیا۔ریاستی وزیر نے کہا کہ پراجکٹ کیلئے جلدمنظوری سے عوام کو پینے کے پانی اورکسانوں کوآبپاشی کی سہولت میں اضافہ ہوگا۔

Jupally

ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ بیواؤں کو خوشیوں کے موقع سے دور رکھنا سماجی برائی ہے اور تو ہم پرستی نہیں کرنی چاہیئے۔ انہوں نے ناگر کرنول ضلع کے ماچی نینی پلی میں کل اندراماں مکان کے استفادہ کنندہ راملو کے گھر کی سنگ بنیاد تقریب میں شرکت کی۔ راملو کی بیوی حاملہ ہونے کی وجہ سے ان کی والدہ لکشمی دیواماں ناریل توڑنے کیلئے آگے بڑھی تو ان کے بیوہ ہونے کی وجہ سے گاؤں والوں نے اعتراض کیا جس پر ریاستی وزیر نے یہ بات کہی۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ شوہروں سے محروم خواتین ذہنی طور پر پریشان ہوتی ہیں اور انہیں کسی بھی تقریب سے دور رکھنا مناسب نہیں ہے۔

Audit

ہندوستان کے آڈیٹ اینڈ اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کے زیر اہتمام حیدرآباد میں آڈیٹ ہفتہ کا آج آغاز ہوا۔ اس موقع پر کل اعلیٰ عہدیداروں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری نظام کو مضبوط کرنے میں آزادانہ آڈیٹ کا کلیدی رول ہے۔ حیدرآباد کے اکاؤنٹ جنرل آفس کمپلیکس میں منعقدہ تقریب میں پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ پی سی ایف ڈاکٹر سی سورنا نے خطاب کرتے ہوئے آڈیٹ کے معاملہ میں پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں اضافہ کے معاملہ میں بین الاقوامی اداروں کے اقدامات کی ستائش کی۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بہت جلد ریاست میں پنچایت انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے امکانات ہیں۔ اسی کے پیش نظر انہوں نے بہترین سرپنچوں کے انتخاب کرنے کی اپیل کی ہے۔ آج شام چیف منسٹر نے ضلع وقارآباد کوڑنگل کا دورہ کرتے ہوئے ترقیاتی کاموں میں حصہ لیا۔ بعدازاں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے تعلیم

اور صحت کے شعبوں کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ کوڑنگل میں حالیہ دنوں میں کئی تعلیمی ادارے لائے گئے ہیں۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ دہلی کے نوئیڈا کی طرز پر حیدرآباد اور کوڑنگل کو ترقی دی جا رہی ہے اور عنقریب کوڑنگل میں ٹرین کی سہولت کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔

Sound Byte

قبل ازیں انہوں نے مددور منڈل میں خواتین گروپ کے تعاون سے چلائی جانے والی آر ٹی سی بس کو جھنڈی دکھائی۔ کوڑنگل حلقہ میں 103 کروڑ کی لاگت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

OO